# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 03 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳؍دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں آج استحکامِ معذوراں ایوارڈز کی تقسیم؛ معذور افراد کیلئے متعدد فلاحی پروگراموں کا بھی آغاز۔

☆ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کی زیرِ صدارت کُل جماعتی اجلاس کے بعد آج سے پارلیمنٹ کی کارروائی کے بہتر انعقاد کا امکان۔

☆ بی جے پی کی جانب سے لیجسلیچر قائد کے انتخاب کیلئے مبصرین نامزد۔

☆ ای وی ایم سے متعلق بے بنیاد دعوے کرنے والے افراد اور اداروں کے خلاف انتخابی کمیشن کی جانب سے مقدمہ درج کرنے کا انتباہ۔

اور۔۔۔☆ نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج ممبئی کے دورے پر؛ کپاس ٹکنالوجی تحقیقاتی ادارے کی صد سالہ تقریب میں شرکت۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

معذور افراد کے بین الاقوامی دِن کی مناسبت سے آج صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو کے ہاتھوں معذور افراد کے استحکام اور انھیں بااختیار بنانے کیلئے قومی ایوارڈز تفویض کیے جائیں گے۔ اس موقع پر 22 افراد اور 11 تنظیموں و اداروں کو قومی ایوارڈز دیئے جائیں گے۔ اسکے علاوہ سماجی انصاف اور اختیارات کے مرکزی وزیر ڈاکٹر وِریندر کمار کے ہاتھوں معذور افراد کو بااختیار بنانے کی غرض سے 16 فلاحی پروگراموں کا افتتاح بھی عمل میں آئے گا۔

***** ***** *****

پارلیمانی کارروائی میں مسلسل تعطل ختم کرنے کیلئے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کی زیرِ صدارت کل ایک کُل جماعتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں تمام سیاسی جماعتوں نے ایوانوں کی کارروائی بہتر طور پر چلانے پر اتفاق کیا۔ کانگریس کے گورو گوئی، ترنمول کانگریس کے کلیان بنرجی، راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کی سپریا سُرڑے، شیوسینا اُدّھو باڑاصاحب ٹھاکرے پارٹی کے اَروند ساونت، سماج وادی پارٹی کے دھرمیندر یادو سمیت دیگر جماعتوں کے اراکین نے اس اجلاس میں شرکت کی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر برائے پارلیمانی اُمور کرین رِجیجو نے بتایا کہ 13 اور 14 دسمبر کو لوک سبھا میں دستورِ ہند پر خصوصی بحث ہوگی، جس کے بعد راجیہ سبھا میں بھی اس پر مباحثہ ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ حزبِ اختلاف کی جانب سے اظہارِ اتفاق کے بعد آج پارلیمان کی کارروائی بہتر طور پر چلائی جاسکے گی۔ آج پہلا بل لوک سبھا میں اور پھر راجیہ سبھا میں پیش کیا جائے گا۔ انھوں نے اُمید ظاہر کی کہ اپوزیشن کے تیقن کے باعث کام کاج باقاعدگی کے ساتھ ہوگا۔ اسی دوران ایک خانگی کمپنی کی مبینہ بدعنوانی اور سنبھل میں پیش آئے فرقہ وارانہ تشدد سمیت مختلف موضوعات پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی کل مسلسل پانچویں روز بھی متاثر ہوئی۔

***** ***** *****

ریاست میں حکومت سازی کی غرض سے بی جے پی کے لیجسلیچر پارٹی قائد کے انتخاب کیلئے بھارتیہ جنتا پارٹی پارلیمانی بورڈ نے گجرات کے سابق وزیرِ اعلیٰ وجئے رُوپانی اور مرکزی وزیرِ مالیات نرملا سیتا رامن کو بہ حیثیتِ مرکزی مبصر نامزد کیا ہے۔ بی جے پی لیجسلیچر پارٹی کا اجلاس کل 4 دسمبر کو ہونے جا رہا ہے۔ جس میں وزیرِ اعلیٰ کے نام کا با قاعدہ اعلان متوقع ہے۔ ریاست میں نئی حکومت کی حلف برداری جمعرات 5 تاریخ کو ہوگی۔

دریں اثناء بی جے پی رہنماء گریش مہاجن نے کل کارگذار وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے سے ملاقات کی۔ بعد ازاں اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ایکناتھ شندے کی عیادت کیلئے انھوں نے ملاقات کی ہے اور مہایوتی میں کوئی اختلافات نہیں ہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا رہنماء شری کانت شندے کو نائب وزیرِ اعلیٰ کا عہدہ دیئے جانے کی خبر کو خود شری کانت شندے نے بے بنیاد قرار دیا ہے۔ سماجی رابطے پر اپنے وضاحتی پیغام میں انھوں نے کہا کہ قبل ازیں انھیں مرکز میں کابینہ میں شمولیت کی بھی پیشکش ہوئی تھی۔ تاہم وہ اُسے مسترد کر چکے ہیں۔ شری کانت شندے نے کہا کہ پارٹی کی تنظیم اور لوک سبھا حلقے پر اپنی توجہ مرکوز کرنے کو وہ فوقیت دیتے ہیں اور ریاست میں کسی بھی وزارت کے وہ خواہشمند نہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے کہا ہے کہ ریاستی اسمبلی انتخابات میں ووٹوں کی گنتی کے دوران ڈاک ووٹوں اور ای وی ایم میں ڈالے گئے ووٹوں میں فرق ہے۔ پارٹی کے سیکریٹری اور رُکنِ اسمبلی وَرُون سردیسائی نے کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس میں کہا کہ ڈاک ووٹوں کا رُجحان' ای وی ایم میں ڈالے گئے ووٹوں سے مکمل مختلف ہے۔ اس موقع پر انھوں نے چند ایک حلقوں میں ڈالے گئے ووٹوں کے اعداد و شمار بھی پیش کیے۔ سردیسائی نے مطالبہ کیا کہ رجحانوں کے اس فرق کی وضاحت انتخابی کمیشن کرے۔

***** ***** *****

حال ہی میں ہوئے اسمبلی انتخابات کے دوران الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں چھیڑ چھاڑ کے بے بنیاد دعوے کرنے والے افراد اور تنظیموں کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ' ریاست کے چیف انتخابی افسر ایس چوکّ لنگم نے دیا ہے۔ اس کے علاوہ ریاست میں رائے دہی کے دن شام میں رائے دہی کے تناسب میں بڑے اضافے کی بھی انھوں نے وضاحت کی۔ چوکّ لنگم نے کہا کہ پانچ سے چھ بجے کے بعد جو بھی رائے دہندگان قطار میں موجود تھے انھیں اپنے حقِ رائے دہی کے استعمال کا حق تھا۔ اس لیے جس تناسب سے ووٹ ڈالے گئے اسی تناسب سے پانچ بجے کے بعد بھی ووٹنگ فیصد میں اضافہ ہوا۔ دوسری جانب جھارکھنڈ میں پانچ بجے رائے دہی کا عمل مکمل طور پر ختم ہو چکا تھا، چونکہ مہاراشٹر نسبتاً بڑی ریاست ہے اس لیے یہاں رائے دہی چھ بجے تک جاری رہی۔ جھارکھنڈ پہلے ہی اَرلی ووٹنگ ریاست مانی جاتی ہے' یعنی وہاں رائے دہندگان علی الصبح ہی ووٹ ڈالتے ہیں اور صبح سات بجے سے نو بجے کے درمیان رائے دہی کا تناسب وہاں زیادہ ہوتا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

دہلی میں ہونے والے کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے استقبالیہ صدر کے عہدے پر سرکردہ رہنماء شرد پوار فائز ہوں گے۔ سمّیلن کمیٹی کے ڈاکٹر ستیش دیسائی اور سنجے نہار نے کل پونا میں صحافیوں کو بتایا کہ کمیٹی کی جانب سے صدارتی عہدہ قبول کرنے کی درخواست شرد پوار نے منظور کر لی ہے۔

***** ***** *****

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج ممبئی کا دورہ کررہے ہیں۔ کپاس ٹکنالوجی کے مرکزی تحقیقاتی ادارے کی صد سالہ تقریب میں وہ بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔ اس موقع پر نائب صدر کے ہاتھوں صد سالہ تقریب ستون کا افتتاح بھی عمل میں آئے گا۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن اور مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان بھی اس تقریب سے خطاب کریں گے۔ ادارے کی صد سالہ تقریب کی مناسبت سے کپاس کی پیداوار کے بعد کی پروسیسنگ کے عنوان پر ایک سمینار بھی منعقد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

عالمی ایڈز دن یکم دسمبر کو منایا گیا۔ اس سلسلے میں مختلف مقامات پر کل بھی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر میں کل آگہی و بیداری ریلی نکالی گئی۔ ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کرانتی چوک میں اس ریلی کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ محکمۂ صحت کے افسران و ملازمین' کالجوں کے طلبہ اور شہریوں نے اس ریلی میں بڑی تعداد میں شرکت کی۔ معروف فنکار مدن مِروٹ کے فنکاروں کی ٹیم نے اس موقع پر ایک پروگرام بھی پیش کیا۔

ہنگولی میں کل ضلع سول ہاسپٹل اور سرکاری نرسنگ تربیتی مرکز نے بیداری ریلی نکالی۔ ہنگولی کے سب ڈویژنل افسران نے ریلی کو ہری جھنڈی دکھائی۔

بیڑ میں عالمی یومِ ایڈز کے حوالے سے کل چھترپتی شیواجی مہاراج چوک تا ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر چوک سماجی انصاف بھون تک بیداری پربھات پھیری نکالی گئی۔ اس موقع پر ریلی میں شامل افراد کو ایڈز سے پاک زندگی گذارنے کا حلف دلایا گیا۔

لاتور میں تدارکِ ایڈز ٹیم اور ضلع سول سرجن دفتر کی جانب سے کل ایک ریلی نکالی گئی۔ ولاس راؤ دیشمکھ سرکاری میڈیکل کالج کے ڈین ڈاکٹر اُدئے موہیتے' سول سرجن ڈاکٹر پردیپ ڈھیلے نے ہری جھنڈی دکھا کر ریلی کو روانہ کیا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے میں موسمِ سرما کی ربیع کی فصلوں کیلئے جائیکواڑی' نمن دودھنا اور یلدری پشتوں سے پانی چھوڑا گیا ہے۔ یہ کسانوں کیلئے خوش آئند ہونے کے باوجود بجلی سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی کی فراہمی مؤثر طور پر نہیں ہورہی اور کم دباؤ کی وجہ سے موٹر پمپ جلنے کے واقعات میں اضافہ ہورہا ہے۔ جس سے کسانوں کا مالی نقصان ہورہا ہے۔ کسانوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ربیع کی تخم ریزی مکمل ہورہی ہے اس لیے بجلی کی فراہمی بہتر بنائی جائے۔

***** ***** *****

مردوں کے جونیئر ایشیاء کپ ہاکی ٹورنامنٹ میں آج سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ ملیشیاء سے ہوگا۔ اومان کے مسقط میں ساڑھے آٹھ بجے اس میچ کا آغاز ہوگا۔ دوسرا سیمی فائنل پاکستان اور جاپان کے مابین ہوگا۔ ٹورنامنٹ کا فائنل کل کھیلا جائیگا۔

***** ***** *****

متحدہ عرب امارات کے شارجہ میں جاری انڈر-19 ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل گروپ اے کے میچ میں بھارت نے جاپان کو 211 رنوں سے شکست دے دی۔ ایک اور میچ میں پاکستان نے متحدہ عرب امارات کی ٹیم کو 60 رنوں سے شکست دی۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں آج استحکامِ معذوراں ایوارڈز کی تقسیم؛ معذور افراد کیلئے متعدد فلاحی پروگراموں کا بھی آغاز۔

☆ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کی زیرِ صدارت کُل جماعتی اجلاس کے بعد آج سے پارلیمنٹ کی کارروائی کے بہتر انعقاد کا امکان۔

☆ بی جے پی کی جانب سے لیجسلیچر قائد کے انتخاب کیلئے مبصرین نامزد۔

☆ ای وی ایم سے متعلق بے بنیاد دعوے کرنے والے افراد اور اداروں کے خلاف انتخابی کمیشن کی جانب سے مقدمہ درج کرنے کا انتباہ۔

اور۔۔۔☆ نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج ممبئی کے دورے پر؛ کپاس ٹکنالوجی تحقیقاتی ادارے کی صد سالہ تقریب میں شرکت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****